فہرست عہدیداران انجمن مرکزیہ گوجراں پاکستان برائے عرصہ، 2023 تا 2025

نمبر شمار	نام	عہدہ	پیشہ	پتہ
1	چوہدری علی محمد صابر ولد تھو خان	صدر	پرنسپل ریٹائرڈ	مکان نمبر 7، سٹریٹ نمبر 64، سیکٹر G-13/2 اسلام آباد
2	چوہدری رضوان اسلم ولد چوہدری محمد اسلم	نائب صدر	کاروبار	مکان 86/A، سٹریٹ 111، سیکٹر G-11/3، اسلام آباد
3	محمد تاج ولد کمال دین	نائب صدر	کاروبار	مکان 429، سٹریٹ 4، سیکٹر G-9/3، اسلام آباد
4	محمد اشرف ولد فتح دین	جنرل سیکرٹری	کاروبار	لائلپور کولڈ سٹوریج، سوساں روڈ، فیصل آباد
5		جوائنٹ سیکرٹری	کاروبار	
6	چوہدری محمد بشیر ولد غلام نبی	فنانس سیکرٹری	ریٹائرڈ ملازم	مکان 641، سٹریٹ 61، سیکٹر G-11/2، اسلام آباد
7	عزیز احمد ولد چوہدری رشید احمد	سیکرٹری نشرواشاعت	ریٹائرڈ ملازم	مکان 85، سٹریٹ 14، سیکٹر G-11/1، اسلام آباد

ممبران مجلس عاملہ

نمبر شمار	نام	عہدہ	پیشہ	پتہ
1	چوہدری محمد ارشد	ممبر	ریٹائرڈ بنک آفیسر	اسلام آباد
2	چوہدری طاہر تاج ولد محمد تاج	ممبر	ڈائریکٹر وزارت تعلیم	اسلام آباد
3	احمد سہیل ولد ولی محمد	ممبر	کاروبار	اسلام آباد
4	جاوید گوجر ایڈوکیٹ ولد علی محمد	ممبر	وکالت	اسلام آباد
5	محمد امجد	ممبر	کاروبار	لاہور
6	محمد ارشد ولد رحیم بخش	ممبر	کاروبار	کراچی
7	ممتاز خان کھٹانہ	ممبر	ملازم پی آئی اے	گوجر گڑھی مردان کے پی کے۔ اسلام آباد ایئرپورٹ

عنوان: کاروائی اجلاس انجمن مرکزیہ گوجراں پاکستان

منعقدہ 2 فروری 2023، بروز بدھ

انجمن مرکزیہ گوجراں پاکستان کی موجودہ مجلس انتظامیہ کا پہلا اجلاس مورخہ 2 فروری 2023 بروز بدھ، بوقت 11 بجے دن بمقام کیمپ آفس وردھا حمنا ریزیڈنشیا، سٹریٹ نمبر 98، سیکٹر G-11/3 اسلام آباد میں منعقد ہوا جس کی صدارت نومنتخب صدر انجمن ہذا چوہدری علی محمد صابر نے فرمائی۔ اجلاس میں درج ذیل احباب نے شرکت فرمائی۔

2۔ چوہدری رضوان اسلم، نائب صدر، چوہدری محمد تاج نائب صدر، چوہدری محمد اشرف جنرل سیکرٹری، چوہدری محمد بشیر فنانس سیکرٹری، چوہدری عزیز احمد سیکرٹری نشرو اشاعت، چوہدری محمد ارشد ا یگزیکٹو ممبر، چوہدری طاہر تاج ایگزیکٹو ممبر، چوہدری احمد سہیل ایگزیکٹو ممبر، چوہدری جاوید گوجر ایڈوکیٹ ایگزیکٹو ممبر، چوہدری محمد امجد لاہور ایگزیکٹو ممبر کے علاوہ چوہدری خالد محمود، چوہدری محمد سلیم DSP ریٹائرڈ، چوہدری عبدالستار، چوہدری محمد جاوید بجاڑ، چوہدری محمد مقبول صاحبان بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔

اجلاس کی کاروائی کا آغاز تلاوت قرآن حکیم سے کیا گیا جس کی سعادت حافظ محمد جاوید بجاڑ کو حاصل ہوئی اور بعد میں درود پاک بھی پڑھا گیا۔

3۔ صدر مجلس چوہدری علی محمد صابر صاحب نے تمام مہمانوں کی آمد پر شکریہ ادا کیا کہ آپ صاحبان نے گوناں گوں مصروفیات کے باوجود اجلاس میں شرکت فرما کر ہماری حوصلہ افزائی فرمائی۔ میں پُر امید ہوں کہ آپ لوگ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے برادری کی خدمت کریں گے۔ اپنے آپ کو اس مقصد کے لیے وقف کر دیں گے۔ انجمن کے وقار کو بلند اور اسے فعال بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے اور فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی نہیں کریں گے۔ آپ لوگ برادری کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی تجاویز پیش کر سکتے ہیں۔ چوہدری محمد اشرف جنرل سیکرٹری نے مشورہ دیا کہ ملک کے جن علاقوں میں برادری میں تعلیم کی شرح کم ہے پہلے ایک سروے کیا جائے اور حسب ضرورت تعلیمی سہولیات فراہم کی جائیں۔ بچوں کو تعلیم حاصل کرنے کی طرف راغب کیا جائے۔ چوہدری عزیز احمد سیکرٹری نشر و اشاعت اور چوہدری محمد بشیر فنانس سیکرٹری نے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ برادری کی مالی پسماندگی کو دور کرنے کے لیے سوچ بچار کرنی چاہیے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے فلاحی پروگرام ترتیب دے کر ان پر عملدرآمد کروایا جائے۔ تاکہ مالی پسماندگی ختم ہو اور ترقی کی راہ پر گامزن ہوں۔ معاشرہ کے لیے باعزت شہری بنیں۔

شرکاء اجلاس نے ایک متفقہ فیصلہ کیا کہ ہمیں رجسٹرار آفس، جائنٹ سٹاک کمپنیز لاہور میں انجمن مرکزیہ گوجراں پاکستان کے توسیع سرٹیفکیٹ برائے عرصہ 2023 تا 2025 کے لیے درخواست جمع کرائی جائے تاکہ انجمن مرکزیہ گوجراں پاکستان کے پروگرامز کو بغیر کسی رکاوٹ کے جاری رکھا جا سکے۔

ایجنڈا کے بقیہ آئٹم آئندہ میٹنگ میں زیر غور لائے جائیں گے۔ تمام مرحومین کے لیے دعائے مغفرت کی کہ اللہ تعالیٰ ان سب کی لغزشوں کو معاف فرما کر جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین۔ اجلاس بخیر و عافیت اختتام پذیر ہوا